Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary Home Zahid Saleem, IG Police Balochistan Abdul Khaliq Sheikh Chief Collector Customs Balochistan Abdul Qadir Memon along with high civil and military officials participated in the Apex Committee meeting of Balochistan to improve law and order, end terrorism and smuggling, illegal immigrants.

In the meeting, important decisions were taken, including the second phase of the return of the CPEC projects and the foolproof security of the Chinese working in them. It was agreed to start large-scale operations by removing the administrative and legal hurdles, besides it was also decided to take effective measures to stop the two-way smuggling of sugar, fertilizer, petrol and diesel in the Apex Committee meeting.

It was also decided to tackle smuggling of non-custom paid vehicles from the area. In the briefing presented by the Home Department of Balochistan, the federal government's guidelines and decisions were presented while presenting the data of illegal immigrants sent back from Balochistan. According to the process of return of more migrants has been made subject to the fixed timeline.

Addressing the sixteenth meeting of the Apex Committee, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti said that a peaceful Balochistan is the guarantee of a stable Pakistan. He said it belongs to all of us we have to fight together. Killers of innocent people do not deserve any concession whoever picked up the gun will be dealt with an iron hands.

The Chief Minister said that they are determining a positive direction for better governance, the fruits of good governance will start reaching the people in five to six months, everyone has to play their role for the improvement of the province.

He directed strong departmental action against those officers who were involved in smuggling in Balochistan, saying that they should be awarded exemplary punishment. He said the smuggling of petroleum products was reducing revenue and putting pressure on the country's foreign exchange reserves.

He said he would chair a weekly meeting to review the performance of institutions and to curb the menace of smuggling. The interim premier ordered that the border markets with Iran should be made more viable so that trade could be done with proper documents.

He stressed that smuggling was causing a loss of billions of rupees to the national economy and it was critical to end the problem of smuggling.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.



**QUETTA:** A delegation led by Provincial Minister for Agriculture Mir Ali Madad Jatak calls on Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti on Monday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

# سیاسی جماعتیں خواتین پر اعتماد کریں الیکشن لڑنے کیلئے عوام کی حمایت ہونا چاہیے، وزیر تعلیم

بلوچستان میں حالات اتنے مشکل نہیں، لوگ کھلے دل کے ساتھ آپ کی بات سنتے ہیں، بچیوں کی کم عمری میں شادی کی روایت ہیومن ٹریفکنگ بڑھنے کا باعث بن رہی ہے، راحیلہ درانی کی کا سیشن سے خطاب

**پاکستان آنے والے افغان مہاجرین کے لیے کوئی انتظام نہیں کیے گئے، بین الاقوامی سطح پر مہاجرین کیلئے پالیسی بنانے کی ضرورت ہے، پاکستان کا شمار ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں مہاجرین کو رکھا گیا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات اتنے مشکل نہیں، لوگ کھلے دل کے ساتھ آپ کی بات سنتے ہیں۔ الیکشن لڑنے کے لیے عوام کی حمایت اور پیسا ہونا چاہیے، سیاسی جماعتیں اپنی خواتین پر اعتماد کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں عاصمہ جہانگیر کانفرنس میں خواتین اقلیتوں اور ٹرانس جینڈرز کو درپیش چیلنجز پر سیشن سے خطاب کرتے ہوئے راحیلہ درانی نے کہا کہ الیکشن لڑنے کے لیے عوام کی حمایت اور پیسہ ہونا چاہیے، سیاسی جماعتیں اپنی خواتین پر اعتماد کریں۔ اور بچیوں کی کم عمری میں شادی کی روایت ہیومن ٹریفکنگ بڑھنے کا باعث بن رہی ہے، افغانستان میں اسکول، اسپتال اور دیگر سہولتوں کا فقدان ہے، پاکستان آنے والے افغان مہاجرین کے لیے کوئی انتظام نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر مہاجرین کے لیے پالیسی بنانے کی ضرورت (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 5 پر)

ہے، پاکستان کا شمار ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں مہاجرین کو رکھا گیا ہے۔

# بلوچستان میں دور دراز علاقوں کے عوام کا دارومدار لائیو سٹاک پر ہے، بخت کاکڑ

ڈاکٹرز اپنی حاضری کو یقینی بنائیں، ژوب کا دورہ بار بار کرونگا اپنے محکمے کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرونگا، صوبائی وزیر

**لائیوسٹاک ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے محکمہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے**

ژوب (این این آئی) صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے ژوب کے دورے کے موقع پر لائیوسٹاک ڈیری فارم کا معائنہ کیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ نے بریفنگ دی، صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے کہا کہ لائیوسٹاک ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ژوب کے دور دراز علاقوں کے عوام کا دارومدار کا انحصار بھی لائیوسٹاک ہے لائیوسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے انہوں نے کہا کہ ژوب میرا آبائی وطن ہے ژوب لائیوسٹاک کو درپیش مسائل کو پانچ سالہ دور حکومت میں حل کرنے کے لئے کردار ادا کرونگا انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اپنی حاضری کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ ژوب کا دورہ بار بار کرونگا اپنے محکمے کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرونگا بعدازاں صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے عوامی وسماجی (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر)

رہنما لالاسیم کاکڑ کے نشتر پراپرٹی آمد لالاسیم کاکڑ اور انکے ساتھیوں نے مہمانوں کا استقبال کیا اور صوبائی وزیر بخت کاکڑ اور فیض کاکڑ روائتی لونگی پہنائی پراپرٹی میں مختلف وفود نے ملاقات کی اخر میں لالاسیم کاکڑ نے صوبائی وزیر اور مہمانوں کے اعزاز میں ظہرانہ دیا صوبائی وزیر بخت کاکڑ فیض کاکڑ لالاسیم کاکڑ حافظ حضرت گل بابر نے سابق صوبائی وزیر مرحوم عبدالخالق بشر دوست کے قبر پر حاضری اور ایصال ثواب کیلئے دعا کی اور انکے قبر پر پودا لگایا گیا قبل ازیں سابق صوبائی وزیر حاجی مٹھا خان کاکڑ کے بڑے بھائی کی وفات پر انکے رہائش گاہ پر اظہار تعزیت کی۔

# حکومت زراعت کی ترقی اور فروغ کیلئے اقدامات کررہی ہے، صوبائی وزراء

زرعی شعبے کی بحالی سے تمام شعبوں گلہ بانی، تجارت، خوراک سمیت دیگر اہم مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے، علی مدد جتک، نور محمد دمڑ

**بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاشی، زراعت، لائیوسٹاک اور تجارت سے جڑا ہے، جس پر توجہ دی جارہی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حکومت زراعت اور خوراک کے شعبوں کی ترقی اور فروغ کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ملک میں اجناس کی کمی کو دور کرے گی تاکہ زراعت کے شعبے کی فعالیت اور کسانوں کی مدد کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے حالیہ بارشوں سے بندات اور دیگر زرعی شعبے کے انفراسٹکچر کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیکر بہتری کے لئے کام کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سریاب کسٹم پر واقع گودام کے اچانک دورہ کے دوران انچارج فوڈ انسپکٹر عبدالحفیظ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 5 پر)

دوران شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر

دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ حاجی علی مدد جتک، حاجی نور محمد دمڑ کا کہنا تھا کہ حالیہ بارشوں، ژالہ باری اور سیلاب نے صوبے کے زرعی شعبے سمیت دیگر شعبوں کو بھی بری طرح نقصان پہنچایا جائے بارشوں

اور ژالہ باری سے فصلوں، باغات، بندات کے پشتوں، سولر، ٹیوب ویل اور دیگر انفراسٹکچر کو بری طرح متاثر کیا ہے جس کا جائزہ لیا جارہا ہے کیونکہ تا حال بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاشی، زراعت، لائیوسٹاک اور تجارت سے جڑا ہے اپنے لوگوں کی بہتری اور ذریعہ معاش کی بحالی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں زرعی شعبے کی بحالی بہتری اور مضبوطی سے تمام شعبوں جس میں گلہ بانی، تجارت، خوراک سمیت دیگر اہم مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ جب زراعت بہتر اور فعال ہوگی تو ملک میں اجناس اور خوراک کی کمی دور ہونے کے ساتھ ساتھ ملک کا قیمتی زرمبادلہ باہر سے کھانے پینے کی چیزوں کو درآمد کرنے سے بچے گا کیونکہ خوراک، اور اجناس کی پیداوار بڑھ جائیں گے تو اس سے مالداری کا شعبہ اور تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور ہمارے زمینداروں سمیت دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.________

Dated: 30 APR 2024 Page No.________


## سیاسی جماعتیں خواتین پر اعتماد کریں، الیکشن لڑنے کیلئے عوام کی حمایت ہونا چاہیے، وزیر تعلیم

بلوچستان میں حالات اتنے مشکل نہیں، لوگ کھلے دل کے ساتھ آپ کی بات سنتے ہیں، بچیوں کی کم عمری میں شادی کی روایت ہیومن ٹریفکنگ بڑھنے کا باعث بن رہی ہے، راحیلہ درانی کی کا سیشن سے خطاب

**پاکستان آنے والے افغان مہاجرین کے لیے کوئی انتظام نہیں کیے گئے، بین الاقوامی سطح پر مہاجرین کیلئے پالیسی بنانے کی ضرورت ہے، پاکستان کا شماران ممالک میں ہوتا ہے جہاں مہاجرین کو رکھا گیا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات اتنے مشکل نہیں، لوگ کھلے دل کے ساتھ آپ کی بات سنتے ہیں۔ الیکشن لڑنے کے لیے عوام کی حمایت اور پیسا ہونا چاہیے۔ سیاسی جماعتیں اپنی خواتین پر اعتماد کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں عاصمہ جہانگیر کانفرنس میں خواتین اکیٹوں اور ٹرانس جینڈرز کو درپیش چیلنجز پر سیشن سے خطاب کرتے ہوئے راحیلہ درانی نے کہا کہ الیکشن لڑنے کے لیے عوام کی حمایت اور پیسہ ہونا چاہیے، سیاسی جماعتیں اپنی خواتین پر اعتماد کریں۔ اور بچیوں کی کم عمری میں شادی کی روایت ہیومن ٹریفکنگ بڑھنے کا باعث بن رہی ہے، افغانستان میں اسکول، اسپتال اور دیگر سہولتوں کا فقدان ہے، پاکستان آنے والے افغان مہاجرین کے لیے کوئی انتظام نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر مہاجرین کے لیے پالیسی بنانے کی ضرورت (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر5 پر)

ہے، پاکستان کا شماران ممالک میں ہوتا ہے جہاں مہاجرین کو رکھا گیا ہے۔

## بلوچستان میں دور دراز علاقوں کے عوام کا دارومدار لائیوسٹاک پر ہے، بخت کاکڑ

ڈاکٹرز اپنی حاضری کو یقینی بنائیں، ژوب کا دورہ بار بار کرونگا اپنے محکمے کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرونگا، صوبائی وزیر

**لائیوسٹاک ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے محکمہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے**

ژوب (این این آئی) صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے ژوب کے دورے کے موقع پر لائیوسٹاک ڈیری فارم کا معائنہ کیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ نے بریفنگ دی، صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے کہا کہ لائیوسٹاک ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ژوب کے دور دراز علاقوں کے عوام کا دارومدار کا انحصار بھی لائیوسٹاک ہے لائیوسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے انہوں نے کہا کہ ژوب میرا آبائی وطن ہے ژوب لائیوسٹاک کو درپیش مسائل کو پانچ سالہ دور حکومت میں حل کرنے کے لئے کردار ادا کرونگا انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اپنی حاضری کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ ژوب کا دورہ بار بار کرونگا اپنے محکمے کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرونگا بعد ازاں صوبائی وزیر بخت کاکڑ نے عوامی دساجی (بقیہ نمبر5 صفحہ نمبر5 پر)

رہنما لالا نسیم کاکڑ کے نشتر پر اپرٹی آمد لالا نسیم کاکڑ اور انکے ساتھیوں نے مہمانوں کا استقبال کیا اور صوبائی وزیر بخت کاکڑ اور فیض کاکڑ روائتی لونگی پہنائی پراپرٹی میں مختلف وفود سے ملاقات کی آخر میں لالا نسیم کاکڑ نے صوبائی وزیر اور مہمانوں کے اعزاز میں ظہرانہ دیا صوبائی وزیر بخت کاکڑ فیض کاکڑ لالا نسیم کاکڑ حافظ حضرت گل بابر نے سابق صوبائی وزیر مرحوم عبدالخالق بشر دوست کے قبر پر حاضری اور ایصال ثواب کیلئے دعا کی اور انکے قبر پر پودا لگایا گیا قبل ازیں سابق صوبائی وزیر حاجی مشا خان کاکڑ کے بڑے بھائی کی وفات پر انکے رہائش گاہ پر اظہار تعزیت کی۔

## حکومت زراعت کی ترقی اور فروغ کیلئے اقدامات کررہی ہے، صوبائی وزراء

زرعی شعبے کی بحالی سے تمام شعبوں گلہ بانی، تجارت، خوراک سمیت دیگر اہم مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے، علی مددجتک، نور محمد دمڑ

**بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش، زراعت، لائیوسٹاک اور تجارت سے جڑا ہے، جس پر توجہ دی جارہی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر زراعت پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن حاجی علی مددجتک اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حکومت زراعت اور خوراک کے شعبوں کی ترقی اور فروغ کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ملک میں اجناس کی کمی کو دور کرے گی تاکہ زراعت کے شعبے کی فعالیت اور کسانوں کی مدد کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے حالیہ بارشوں سے بندات اور دیگر زرعی شعبے کے انفراسٹرکچر کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیکر بہتری کے لئے کام کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سریاب کسٹم پر واقع گودام کے اچانک دورہ کے دوران انچارج فوڈ انسپکٹر عبدالحفیظ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے (بقیہ نمبر9 صفحہ نمبر5 پر)

دوران شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ حاجی علی مددجتک، حاجی نور محمد دمڑ کا کہنا تھا کہ حالیہ بارشوں، ژالہ باری اور سیلاب نے صوبے کے زرعی شعبے سمیت دیگر شعبوں کو بھی بری طرح نقصان پہنچایا جائے بارشوں اور ژالہ باری سے فصلوں، باغات، بندات کے پشتوں، سولر، ٹیوب ویل اور دیگر انفراسٹرکچر کو بری طرح متاثر کیا ہے جس کا جائزہ لیا جارہا ہے کیونکہ تاحال بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاشی، زراعت، لائیوسٹاک اور تجارت سے جڑا ہے اپنے لوگوں کی بہتری اور ذریعہ معاش کی بحالی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں زرعی شعبے کی بحالی بہتری اور مضبوطی سے تمام شعبوں جس میں گلہ بانی، تجارت، خوراک سمیت دیگر اہم مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ جب زراعت بہتر اور فعال ہوگی تو ملک میں اجناس اور خوراک کی کمی دور ہونے کے ساتھ ساتھ ملک کا قیمتی زرمبادلہ باہر سے کھانے پینے کی چیزوں کو درآمد کرنے سے بچے گا کیونکہ خوراک، اور اجناس کی پیداوار بڑھ جائیں گے تو اس سے مالداری کا شعبہ اور تجارت کو بھی فروغ ملے گا اور ہمارے زمینداروں سمیت دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 30 APR 2024 Page No.______

## صوبائی وزیر بخت کاکڑ کیخلاف انتخابی عذرداری سماعت کیلئے منظور، محمد گورگیج کیخلاف گواہوں کے بیانات قلمبند

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے صوبائی وزیر بخت محمد کے خلاف انتخابی عذرداری سماعت کیلئے منظور کرلی۔ حلقہ پی بی 40 پر محمد خان گورگیج کے خلاف پانچ گواہوں کے بیانات قلمبند کرلئے۔ الیکشن ٹریبونل نے حلقہ پی بی 39 کوئٹہ پر صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کے خلاف پی ٹی آئی کے نور محمد کی جانب سے دائر انتخابی عذرداری سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیئے۔ واضح رہے کہ حلقہ پی بی 39 کوئٹہ پر جمعیت کے سید عبدالواحد آغا نے بھی صوبائی وزیر بخت محمد کے خلاف انتخابی عذرداری دائر کررکھی ہے۔ الیکشن ٹریبونل نے حلقہ پی بی 40 کوئٹہ پر محمد خان گورگیج کے خلاف ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے قادر علی نائل کی جانب سے دائر انتخابی عذرداری کی بھی سماعت کی اور پانچ گواہوں کے بیانات قلمبند کرلئے۔ اور مزید سماعت آج تک کیلئے ملتوی کردی۔ الیکشن ٹریبونل نے حلقہ پی بی 31 واشک پر میر مجیب الرحمان محمد حسنی کی جانب سے زاہد علی ریکی کے خلاف حلقہ پی بی 36 قلات پر جمعیت کے میر سعید لانگو کی جانب سے بی اے پی کے میر ضیاء اللہ لانگو کے خلاف حلقہ پی بی 28 کیچ پر میر حمل خان کی جانب سے محمد اصغر رند کے خلاف اور حلقہ پی بی 32 چاغی پر جمعیت کے میر امان اللہ نوتیزئی کی جانب سے بی اے پی کے محمد صادق سنجرانی کے خلاف دائر انتخابی عذرداریوں کی بھی سماعت کی۔ سماعت کے دوران فریقین کے وکلاء نے جواب دعویٰ جمع کرانے کیلئے مہلت کی استدعا کی۔ جس پر عدالت نے انہیں اگلی سماعت پر جواب جمع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 9 اور 13 مئی تک کیلئے ملتوی کردی۔

## بلوچستان کو پولیو سے پاک کرنیکا عزم کررکھا ہے، سیکرٹری صحت

**صوبے میں پولیو وائرس کو پھر سے قدم جمانے نہیں دیں گے انسداد پولیو مہم کے افتتاح پر بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکرٹری صحت عبداللہ خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کو پولیو سے پاک کرنے والدین کے تعاون سے بچوں کو معذوری سے بچانے کا عزم کر رکھا ہے تین سال کے بعد دو پولیو کے کیسز چمن اور ڈیرہ بگٹی سے رپورٹ ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایمرجنسی آپریشن سینٹر کمشنر آفس میں بچوں کو پولیو قطرے پلاکر 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کرنے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کوآرڈینیٹر زاہد شاہ بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیو سے پاک کرنا کا مشن جاری ہے بلوچستان میں پولیو وائرس کو پھر سے قدم جمانے نہیں دیں گے پولیو ورکرز بعد والدین کے تعاون سے بچوں کو بیشک معذوری سے بچانے کا عزم ہے جب بلوچستان میں تین سال کے بعد دو پولیو کے کیسز چمن اور ڈیرہ بگٹی سے رپورٹ ہوئے ہیں صوبے کے 30 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگی مہم کے دوران 23 لاکھ 95 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے 10 ہزار سے زائد ٹیمیں گھر گھر جاکر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو قطرے پلائیں گی تین سال بعد سال 2023 کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع کے ماحول میں پولیو وائرس کی دوبارہ موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے پولیو کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

## کتب سے دوستی اور لائبریریاں آباد کرنا زندہ قوموں کی علامت ہے، محمود الرحمن

**زیارت لائبریری میں لگی ہر اینٹ اور اسکے گوشوں میں رکھی ہر ایک کتاب شاہد ہے کہ مضبوط ارادے کی راہ میں رکاوٹ کھڑی نہیں کی جاسکتی: ڈپٹی کمشنر**

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت محمود الرحمن نے کہا ہے کہ کتابوں سے دوستی، علم سے محبت اور لائبریری قائم کرکے اسے آباد رکھنے کی فکری و عملی کوشش زندہ قوموں کی علامت ہے۔ ہندو پاک سمیت دنیا کے اکثر براعظموں پر مسلمانوں نے صدیوں تک حکومت کی ہے اور اپنے اقتدار کا پرچم لہرایا ہے، جس کی سب سے بڑی اور بنیادی وجہ علم و تعلیم کے میدان میں مسلمانوں کی مضبوط گرفت ہے۔ مسلمان جب تک علم کے زیور سے آراستہ رہے، کتابوں کو اپنا دوست بنا کر کتب اور مکتبہ سے اپنا علمی و روحانی رشتہ جوڑے رکھا، زندگی کے ہر میدان میں کامیاب رہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیارت میں لائبریری کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس لائبریری کو پورے ملک کے عوام نے اپنے جذبے کی دھوپ اور علم و فکر کی محبت سے سیراب کیا ہے۔ اس لائبریری میں لگی ہر ایک اینٹ اور اسکے گوشوں میں رکھی ہر ایک کتاب اس بات کی شاہد ہے کہ ایک مضبوط ارادہ کسی بھی رکاوٹ سے روکے نہیں رکتا۔ یہ لائبریری ان تمام کتاب دوست لوگوں کے نام ہے، جو اس علمی سفر میں میرے ساتھ ضلعی انتظامیہ کے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کے عوام کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ لائبریری میں بیٹھ کر کتابیں پڑھیں اور لائبریری کو پروموٹ کریں اگر وہ کتابیں نہیں پڑھیں گے تو پھر ہماری کاوش رائیگاں جائے گی کیونکہ جن لوگوں نے لائبریری ذہن کی ہے وہ اپنا مستقبل خراب کرچکے ہیں کتاب سے دوستی کرنے والے دنیا پر حکمرانی کررہے ہیں تقریب سے سابق ڈی او تعلیم خالدہ شوکت، سابق ہیڈ ماسٹر عبدالعزیز، ہیومن قاسم خان سارنگزئی اور ذاکر زیارتوال نے بھی خطاب کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## معاشرتی تناؤ کے باعث دماغی امراض میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، طبی ماہرین

**بلوچستان میں دماغی صحت کا المیہ دگنا اس حوالے سے کوئی قومی پالیسی نہیں' عوامی بیداری مہم کا آغاز ناگزیر ہے، سیکرٹری صحت عبداللہ خان**

**ہم صحت کی تبدیلی سوچ کے ماڈلز پر توجہ نہیں دے رہے جو یونیورسل ہیلتھ کیئر و ایس ڈی جیز کے اہداف کا بھی مرکز ہے' شرکاء سیمینار**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی بکھری ہوئی آبادی اور کیو بیٹیز میں ذہنی صحت کی دیکھ بھال خدمات بہتر بنانے کیلئے آئی او این، امیگریشن اینڈ ریفیوجیز کینیڈا اور ڈبلیو ایچ او کی معاونت سے دو روزہ سیمینار کا انعقاد ہوا سیمینار کے مہمان خصوصی سیکرٹری صحت بلوچستان عبداللہ خان تھے اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائیکاٹری اینڈ بیہیورل سائنسز کوئٹہ ڈاکٹر حضرت علی خان، پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر ایڈمن بلوچستان ہیلتھ کارڈ ڈاکٹر احمد ولی اور بین الاقوامی اداروں کے ماہرین شریک تھے سیکرٹری صحت نے سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاشرتی تناؤ کی وجہ سے دماغی امراض کے واقعات میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے درحقیقت، دماغی بیماری، خاص طور پر ڈپریشن کی علامات پر توجہ مرکوز کرنے والی عوامی بیداری کی مہم کا آغاز ناگزیر ہے بلوچستان میں دماغی صحت کا المیہ دگنا ہے دماغی صحت کی کوئی قومی پالیسی نہیں اور جب کہ کچھ صوبوں میں دماغی صحت سے متعلق قانون سازی ہے، اس پر بمشکل عمل ہو رہا ہے اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں عوام کی کثیر تعداد کسی نہ کسی قسم کی ذہنی بیماری میں مبتلا ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 30 APR 2024 Page No.________


## حکومت بلوچستان کا انقلابی اقدام، پاک چائنا فرینڈ شپ جی ڈی اے ہسپتال آپریشنل

ہسپتال میں آئی سی یو، فارمیسی، آپریشن تھیٹرز، لیبارٹریز، بلڈ بنک، سی ٹی اسکن، الٹراساؤنڈ، فلوراسکوپی 24 گھنٹے فعال

پاک چائنا فرینڈ شپ جی ڈی اے ہسپتال نہ صرف گوادر بلکہ پورے صوبے کیلئے صحت کے شعبے میں بہترین اضافہ ہے 100 بستروں پر مشتمل

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی داؤد خان خلجی کی سرپرستی میں جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال نے انڈس ہیلتھ نیٹ ورک کے تحت فوری طور پر خدمات کا آغاز کردیا جو حکومت بلوچستان کی جانب سے جی ڈی اے کے تحت صحت کے شعبے میں یہاں کے لوگوں کیلئے ایک انقلابی اقدام ہے..........

بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

چائنا پاکستان اقتصادی راہداری کے منصوبے کے تحت حال ہی میں گوادر میں تعمیر شدہ سو بیڈ پر مشتمل عظیم الشان ہسپتال، جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال عالمی معیار کے مطابق ایک اسٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال ہے جو ملک کے بڑے نامور طبی اداروں کے مقابلے کا ایک ادارہ ہے جس میں جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل آئی سی یو، چوبیس گھنٹے ایمرجنسی، فارمیسی، آپریشن تھیٹرز، لیبارٹریز، بلڈ بنک، سی ٹی اسکین، ریڈیالوجی، ایکسرے، الٹراساؤنڈ، فلوراسکوپی، گیسٹروسکوپی، انڈواسکوپی، ای سی جی، ای ٹی ٹی، مختلف کلینکس، وارڈز، کیفے ٹیریا، سمیت دیگر کئی شعبے شامل ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں روپے کے مہنگے میڈیکل ٹیسٹ، علاج معالجہ اور دیگر خدمات مفت دستیاب ہونگے مختلف قسم کی بیماریوں اور مریضوں کیلئے الگ سے شعبہ قائم کیا گیا ہے جس میں آرتھوپیڈک، پیڈز، گائنی، امراض قلب، نیورو، جگر گردہ، ای این ٹی، آئی کلینک، ڈینٹل، ویکسینیشن سینٹر، ٹیلی میڈیسن، انفیکشن ڈیسیز، امراض جلد سمیت دیگر شامل ہیں پی سی ایف جی ڈی اے ہسپتال جی ڈی اے کے موجودہ 50 بیڈ ہسپتال کے پہلو میں بنایا گیا ہے جی ڈی اے کا 50 بیڈ ہسپتال پہلے سے انڈس ہیلتھ نیٹ ورک کے تحت چلایا جارہا ہے جو علاقے کے لوگوں کو صحت کے اعلیٰ و معیاری سہولیات مفت فراہمی کررہی ہے جہاں روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں ان ڈور و آؤٹ ڈور مریض فری علاج معالجہ، ادویات، اور لیبارٹری کی سہولیات سے مستفید ہورہے ہیں پاک چائنا فرینڈ شپ جی ڈی اے ہسپتال نہ صرف گوادر بلکہ پورے بلوچستان میں صحت کے شعبے میں ایک نیا اضافہ ہے اس جدید ترین عمارت میں مریضوں کے علاوہ طبی عملہ اور تیمارداروں کو بھی کافی سہولیات فراہم ہیں

## کرپشن ایک ناسور، ادارے خود احتسابی کے عمل کو اپنائیں، نیب بلوچستان

پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن جو اس حوالے سے فرائض بطریق احسن انجام دے سکتی ہے، ڈپٹی ڈائریکٹر خرم شہزاد

نیب بلوچستان کے زیر اہتمام پی ٹی سی کوئٹہ میں ٹریننگ لیکچر، کرپشن کے مختلف پہلوؤں، منفی اثرات و محرکات پر روشنی ڈالی گئی

کوئٹہ (پ ر) قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان نے پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران کیلئے "کرپشن" کے موضوع پر ایک ٹریننگ لیکچر کا انعقاد پولیس ٹریننگ کالج میں ہوا جس میں پولیس اہلکاروں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی پولیس ٹریننگ کالج کی تقریب سے خطاب کے دوران ابتدائی کلمات میں ایس پی رحمت بلوچ نے نیب بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ..........

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کئے ڈپٹی ڈائریکٹر نیب خرم شہزاد نے افسران سے خطاب کے دوران کرپشن کے مختلف پہلوؤں، اسکے منفی اثرات اور محرکات پر روشنی ڈالی انہوں نے نیب کے کام کے طریقہ کار کو بھی بیان کیا اور معاشرے میں بڑھتی ہوئی کرپشن کے اثرات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سرکاری اہلکاروں سے بدعنوانی کے تدارک کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شفاف اور ایک ذمہ دار معاشرے کے فروغ میں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکتی ہے نیب آرڈیننس کی مختلف شقوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہوئے نیب لاء اور دیگر قوانین کا تقابلی جائزہ پیش کیا انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے پروگرام کے اختتام پر بدعنوانی سے متعلق سوال و جواب کا دورانیہ منعقد ہوا، ڈپٹی ڈائریکٹر خرم شہزاد نے تمام سوالات کے مفصل جوابات دیئے۔

## انتظامیہ کی کارروائیاں، 6 تندور مالکان گرفتار، 1 سیل، آپریشن جاری رکھا جائے، عوام کا مطالبہ

مجسٹریٹ سیف اللہ نے عالو چوک پر 1 تندور سیل، 2 نانبائیوں کو گرفتار جبکہ مجسٹریٹ اکرم حریفال نے سرکی روڈ گوالمنڈی چوک و خدائیداد روڈ پر قیمتوں کا جائزہ لیا

مجسٹریٹ خادم حسین نے کلی بنگلزئی قمرانی روڈ، بشیر چوک پر 3 نانبائیوں پر جرمانے عائد، مجسٹریٹ عبدالحمید نے شہر میں 2 نانبائیوں کو گرفتار کرکے جیل روانہ کردیا

اب عوام کو 50 کی بجائے 80 روپے کی روٹی خریدنی پڑ رہی، سروے رپورٹ، تندور مالکان کیخلاف سخت کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر، خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات کے مطابق مجسٹریٹ سیف اللہ نے عالو چوک نانبائیوں کے خلاف کارروائی کی کارروائی کے دوران 20 تندوروں کا دورہ کیا تندوروں پر قیمتوں اور وزن کا جائزہ لیا گیا کم وزن اور مہنگی روٹی فروخت کرنے پر 1 تندور سیل، 2 نانبائی گرفتار جبکہ 3 نانبائیوں کو سخت وارننگ جاری کیے مجسٹریٹ اکرم حریفال نے سرکی روڈ گوالمنڈی چوک اور ..........

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

خدائیداد روڈ پر نانبائیوں کے خلاف کارروائی کی کارروائی کے دوران 30 تندوروں کا دورہ کیا جس میں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی 3 نانبائیوں کو سخت وارننگ جاری کیے جبکہ اکثر تندوروں کا وزن اور قیمت ٹھیک پایا گیا مجسٹریٹ خادم حسین نے کلی بنگلزئی قمرانی روڈ اور بشیر چوک میں تندوروں کے خلاف کارروائی کی اس دوران 25 تندوروں کا دورہ کیا۔ تندوروں پر قیمتوں اور وزن کا جائزہ لیا خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 نانبائیوں کو جرمانے کئے جبکہ 10 نانبائیوں کو سخت وارننگ جاری کئے مجسٹریٹ عبدالحمید نے کوئٹہ سبزل روڈ منی مارکیٹ ڈبل روڈ فاطمہ جناح روڈ اور جناح روڈ پر تندوروں کے خلاف کارروائی کی اس دوران 30 تندوروں کا دورہ کیا تندوروں کو وزن اور قیمتوں کا جائزہ لیا گیا عام عوام سے قیمتوں اور وزن کے بارے میں بات کی خلاف ورزی کرنے پر 2 نانبائیوں کو گرفتار کرلیا

## بیوروکریسی میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

روف بلوچ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، داؤد بازئی سیکرٹری زراعت ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بیوروکریسی میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ممبری ایم آئی ٹی روف بلوچ کو سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سیکرٹری مینارٹیز افیئر ڈیپارٹمنٹ داؤد بازئی کا تبادلہ کرکے سیکرٹری زراعت، سیکرٹری زراعت محمد سہیل الرحمن کو ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ..........

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

نور احمد پرکانی کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، سی ای او بلوچستان اسپیشل اکنامک زون اینڈ انڈسٹریل اسٹیٹ معین الرحمن کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، ڈائریکٹر جنرل ای پی اے محمد ابراہیم کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ محمد یاسر خان بازئی کا تبادلہ کرکے انہیں ڈائریکٹر جنرل ای پی اے، سعید احمد دمڑ کو ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ، ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ عبدالحمید زہری کا تبادلہ کرکے انہیں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر بارکھان بلال شبیر کو ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے، ایڈیشنل سیکرٹری ایریگیشن وقار خورشید کا تبادلہ کرکے ڈپٹی کمشنر بارکھان تعینات کردیا گیا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quett

Bullet No.______ Dated: 30 APR 2024 Page No.______

## تمام ادارے خود احتسابی کے عمل کو اپنائیں، نیب

### پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ممکن نہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر نیب

کوئٹہ (پ ر) قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان نے پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران کیلئے "کرپشن" کے موضوع پر ایک ٹریننگ لیکچر کا انعقاد پولیس ٹریننگ کالج میں کیا۔ جس میں پولیس اہلکاروں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پولیس ٹریننگ کالج کی تقریب سے خطاب کے دوران ابتدائی کلمات میں ایس پی رحمت بلوچ نے نیب بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب خرم شہزاد نے افسران سے خطاب کے دوران کرپشن کے مختلف پہلوؤں، اسکے منفی اثرات اور محرکات پر روشنی (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

ڈالی۔ انہوں نے نیب کے کام کے طریقہ کار کو بھی بیان کیا اور معاشرے میں بڑھتے ہوئے کرپشن کے اثرات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سرکاری اہلکاروں سے بدعنوانی کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شفاف اور ایک ذمہ دار معاشرے کے فروغ میں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکتی ہے۔ نیب آرڈیننس کی مختلف شقوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہوئے نیب لاء اور دیگر قوانین کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے۔ پروگرام کے اختتام پر بدعنوانی سے متعلق سوال و جواب کا دورانیہ منعقد ہوا، ڈپٹی ڈائریکٹر خرم شہزاد نے تمام سوالات کے مفصل جوابات دیئے۔

INTEKHAB QUETTA

## کرپشن کے تدارک کیلئے تمام ادارے خود احتسابی عمل کو اپنائیں، ڈپٹی ڈائریکٹر نیب

### پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ممکن نہیں، ٹریننگ کالج میں خطاب

کوئٹہ (پ ر) قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان نے پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران کیلئے "کرپشن" کے موضوع پر ایک ٹریننگ لیکچر کا انعقاد پولیس ٹریننگ کالج میں کیا۔ جس میں پولیس اہلکاروں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پولیس ٹریننگ کالج کی تقریب سے خطاب کے دوران ابتدائی کلمات میں ایس پی رحمت بلوچ نے نیب بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب خرم شہزاد نے افسران سے خطاب کے دوران کرپشن بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

کے مختلف پہلوؤں، اسکے منفی اثرات اور محرکات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نیب کے کام کے طریقہ کار کو بھی بیان کیا اور معاشرے میں بڑھتے ہوئے کرپشن کے اثرات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سرکاری اہلکاروں سے بدعنوانی کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شفاف اور ایک ذمہ دار معاشرے کے فروغ میں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکتی ہے۔ نیب آرڈیننس کی مختلف شقوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہوئے نیب لاء اور دیگر قوانین کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے۔ پروگرام کے اختتام پر بدعنوانی سے متعلق سوال و جواب کا دورانیہ منعقد ہوا، ڈپٹی ڈائریکٹر خرم شہزاد نے تمام سوالات کے مفصل جوابات دیئے۔



ڈپٹی ڈائریکٹر نیب خرم شہزاد تقریب میں پولیس افسران کو کرپشن کے تدارک کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

## نیب بلوچستان کے زیر اہتمام پولیس ٹریننگ کالج میں تقریب

### پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے، خرم شہزاد

کوئٹہ (خ ن) قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان نے پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران کیلئے "کرپشن" کے موضوع پر ایک ٹریننگ لیکچر کا انعقاد پولیس ٹریننگ کالج میں کیا۔ جس میں پولیس اہلکاروں کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پولیس ٹریننگ کالج کی تقریب سے خطاب کے دوران ابتدائی کلمات میں ایس پی رحمت بلوچ نے نیب بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب خرم شہزاد نے افسران سے خطاب کے دوران کرپشن کے مختلف پہلوں، اسکے منفی اثرات اور محرکات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نیب کے کام کے طریقہ کار کو بھی بیان کیا اور معاشرے میں بڑھتے ہوئے کرپشن کے اثرات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سرکاری اہلکاروں سے بدعنوانی کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شفاف اور ایک ذمہ دار معاشرے کے فروغ میں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکتی ہے۔ نیب آرڈیننس کی مختلف شقوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہوئے نیب لا اور دیگر قوانین کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پولیس کی مدد کے بغیر معاشرے سے کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے۔ پروگرام کے اختتام پر بدعنوانی سے متعلق سوال و جواب کا دورانیہ منعقد ہوا، ڈپٹی ڈائریکٹر خرم شہزاد نے تمام سوالات کے مفصل جوابات دیئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

## حکومت عوامی مشکلات کو مدنظر رکھ کر ترقیاتی منصوبے فراہم کرتی ہے، ڈی سی کچھی

**ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر کے دوران انجینئرز کو چاہیے کہ وہ کڑی نگرانی کریں، جمیل احمد بلوچ**

کچھی (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر ترقیاتی منصوبے فراہم کرتی ہے اس لئے ان ترقیاتی منصوبوں کے کاموں کو یقینی بنانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے ان خیالات کا اظہار آج انہوں نے زیر تعمیر بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

مختلف ترقیاتی منصوبوں کے دورے کے دوران افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایکسین بلڈنگ محمد اکرم اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کچھی ڈاکٹر عبدالرحیم کچھی، ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈھاڈر ڈاکٹر سیف اللہ خان بھی موجود تھے۔ زیر تعمیر منصوبے کے متعلق ایکسین بلڈنگ محمد اکرم نے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل نے کہا کہ تعمیر کے دوران انجینئرز کو چاہیے کہ وہ کڑی نگرانی کریں تاکہ جو منصوبے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بنائے جا رہے ہیں وہ نہ صرف دیرپا ثابت ہوں بلکہ اس سے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکیں۔

## پولیو ٹیمیں فرائض کی ادائیگی میں غفلت سے گریز کریں، ڈی سی جھل مگسی

**ضلع بھر کے عوام انسداد پولیو مہم کی ٹیموں کے ساتھ تعاون کو یقینی بنائیں**

جھل مگسی (خ ن) زیر صدارت ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اعجاز سرور انسداد پولیو مہم کے پہلے روز پولیو ایوننگ ریویو میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر رخسانہ مگسی صاحبہ، ڈی ایس ایم (پی پی ایچ آئی) جھل مگسی تنویر احمد بلیدی، (این اسٹاپ آفیسر) ڈاکٹر حمایت اللہ، لائن ڈپارٹمنٹس بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

کے افسران، مانیٹرز و دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اعجاز سرور کی سربراہی میں پولیو ایوننگ میٹنگ میں جاری مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اعجاز سرور نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کی ٹیمیں اپنے فرائض منصبی نہایت ہی خوش اسلوبی کیساتھ سرانجام دے کر ضلع جھل مگسی کے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے میں مصروف عمل رہیں فرائض منصبی کی ادائیگی میں کوتاہی و غفلت برتنے سے گریز کریں۔ انسداد پولیو مہم کی ٹیموں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے جو پولیو کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں انکو پورا کرنے میں تمام تر توانائیاں صرف کریں انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کی عوام انسداد پولیو مہم کی ٹیموں کے ساتھ اپنا تعاون یقینی بنائیں والدین اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلا کر اپنے مستقبل کے معماروں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے میں مثبت کردار ادا کریں تاکہ وطن عزیز پاکستان سے اس خطرناک موذی مرض کا جڑ سے خاتمہ ممکن ہو۔

AZADI QUETTA

## ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد اور لورالائی کی ترقیاتی منصوبوں میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیوں کا انکشاف

**اسکیموں میں ٹھیکیداروں کو ایڈوانس رقم کی ادائیگی کردی گئی جس کے بعد ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر چلے گئے**

**محکمہ اینٹی کرپشن نے آفیسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف تحقیقات شروع کردیں، ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے اضلاع ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد اور لورالائی کی ترقیاتی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیوں کا انکشاف سامنا آ گیا کئی اسکیموں میں ٹھیکیداروں کو ایڈوانس رقم کی ادائیگی کردی گئی جس کے بعد ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر چلے گئے، محکمہ اینٹی (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

کرپشن نے آفیسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف تحقیقات شروع کردیں۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن عبدالواحد کاکڑ نے بتایا کہ محکمہ اینٹی کرپشن کی ٹیموں نے گذشتہ دور حکومت میں ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد اور لورالائی میں شروع کی جانے والی ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کیا تو یہ بات سامنے آئی کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات سمیت دیگر محکموں کی کئی اسکیمیں نامکمل ہیں جس کی وجہ آفیسران کی جانب سے ٹھیکیداروں کو پیشگی رقم کی ادائیگی ہے جس کے باعث ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر چلے گئے محکمہ اینٹی کرپشن نے تحقیقات کرکے سات ترقیاتی اسکیموں میں بے قاعدگیوں کے شواہد حاصل کرلئے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.


## نادرا اور پاسپورٹ دفاتر میں عوام کی مشکلات حل کی جائیں، جمعیت نظریاتی

**اعتراضات لگا کر عوام کو خوار کیا جاتا ہے، رشوت لے کر کام کرنیکا نوٹس لیا جائے، مولانا لونی**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالروف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی ودیگر نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ بلوچستان میں نادرا اور پاسپورٹ دفاتر میں عوام کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں تمام دستاویزات ہونے کے باوجود عوام کمپنیوں کے چکر لگا رہے ہیں، لاکھوں آبادی پر مشتمل اضلاع کے لیے ایک نادرا اور پاسپورٹ آفس کی وجہ سے عوام مختلف مسائل کا سامنا کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے حصول کیلئے آن لائن سسٹم کو رائج کرکے فعال بنایا جائے تاکہ لوگوں کو ان دفاتر کے چکر لگانے اور لمبی قطاروں کی زحمت سے چھٹکارہ مل سکے، عام آدمی بھی باآسانی اس سہولت سے مستفید ہوسکے، انہوں نے کہا کہ نادرا ب فارم جبکہ پاسپورٹ آفس پاسپورٹ بنوانے میں نئے اعتراضات لگا کر عوام کو مشکلات سے دوچار کررہا ہے دفاتر کے باہر ایجنٹ عملے کی ملی بھگت سے رشوت لے کر کام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضعیف العمر افراد اور خواتین کو مہینوں سے خوار کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ نادرا کی سست روی کا نوٹس لے۔

## گوداموں، مارکیٹوں پر چھاپے تاجروں کے معاشی قتل کے مترادف ہیں، پشتونخوامیپ

**ان نارواا قدامات میں ملوث لوگ اپنے آئینی اختیارات سے تجاوز کررہے ہیں، بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مختلف اداروں، محکموں کی جانب سے تاجروں کے گوداموں، مارکیٹوں، دکانوں پر غیر قانونی چھاپے، بلاجواز کروڑوں روپے کے سامان کو ضبط کرنا دراصل صوبے کے تاجروں اور عوام کی معاشی قتل عام کے مترادف ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پہلے دن سے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی آرہی ہے کہ ہمارے عوام کے معاشی قتل پر مبنی اقدامات کو ترک کیا جائے اور جو بھی ان نارواا قدامات میں ملوث ہیں وہ دراصل اپنے آئینی اختیارات سے تجاوز کررہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی پہلے بھی یہ تجویز اور مطالبہ کرچکی ہے کہ کسٹم، ایکسائز ودیگر ادارے اپنے فرائض بارڈر پر مکمل طور پر پورا کرے اور وہاں پہ کلیئرنس کا ایسا نظام قائم کیا جائے کہ ملکی ادارے اپنے ٹیکس کی وصولی ودیگر اقدامات کو درست انداز میں نبھا سکے اور تجارت کا شعبہ فروغ پانے کے ساتھ ساتھ ہزاروں خاندانوں کا ذریعہ معاش کا مسئلہ بھی مستقل طور پر حل ہوسکے لیکن بدقسمتی سے یہاں ہر ادارہ اپنے آئینی، قانونی دائرہ اختیار سے تجاوز کرتے ہوئے ایک دوسرے کے کاموں میں مداخلت کرکے لوٹ مار میں مصروف ہیں۔ پشتونوں کے معاش کے دو ذریعے تھے ایک زراعت اور دوسرا تجارت اب دونوں اپنی تباہی کے دہانے پر پہنچا دیئے گئے۔ چمن میں عوام پہلے ہی 6 مہینوں سے پرلت / دھرنا دیئے بیٹھے ہیں، حکومتی غیر سنجیدگی اور بے بسی کا اندازہ یہاں سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ اس ایک پرلت کے مطالبات کو تسلیم کرنے سے مسلسل انکاری ہے اور وہاں لوگ دو وقت کی روٹی سے محروم ہوچکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جس پارلیمان میں عوام کے حقوق ان کے مسائل کیلئے آواز بلند کی جاتی تھی ان کیلئے قانون سازی کی جاتی تھی وہاں پر زر اور زور اور تاریخ کے بدترین دھاندلی کی صورت میں فارم 47 کے ذریعے کٹھ پتلیوں کو بٹھا دیا گیا ہے جو ہر وقت سب ٹھیک ہے کا واویلا کرتے رہینگے اور انہیں عوام کے مسائل ومشکلات اور ان کے حالات سے کوئی سروکار نہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس بدترین مہنگائی، بیروزگاری کے عالم میں تاجروں، مزدوروں اور عوام پر رحم کھاتے ہوئے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور ان کے ضبط سامان کو فوری طور پر واپس کیا جائے۔

## پشین میں بدامنی کے واقعات پر حکومتی خاموشی قبول نہیں، پشتونخوانیپ

**ملوث عناصر کو گرفتار اور ضلع میں پولیس ایریا کو بھی لیویز ایریا قرار دیا جائے، چوری وڈکیتی کی مذمت**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع پشین کے مختلف علاقوں میں چوری و ڈکیتی اور موٹرسائیکلوں کے چھننے کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ اور اُن کے اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام عوام کے سر و مال کے تحفظ کو یقینی بنا کر عوام دشمن واقعات میں ملوث عناصر کی گرفتاری اور سرکوبی کو یقینی بنائے اور ضلع میں موجود پولیس ایریا کو بھی لیویز ایریا قرار دے کر انہیں لیویز انتظامیہ کے حوالے کردے۔ بیان میں کہا گیا کہ ضلع پشین کے مختلف علاقوں میں مسلسل چوری وڈکیتی اور موٹرسائیکلوں کے چھننے کے واقعات ہر روز مختلف علاقوں میں رونما ہورہے ہیں اور اس سے قبل کلی حرمزئی میں ڈاکے کے بعد ایسے سانحات اور واقعات رونما ہوچکے ہیں جو کسی بھی صورت قابل برداشت نہیں اور ایسے واقعات میں ملوث عناصر کی عدم گرفتاری اور خاموشی ضلع پشین کے عوام کو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں بلکہ یہ ضروری ہے کہ ضلعی انتظامیہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر اس سانحات میں ملوث ملزموں سمیت روزانہ کی بنیاد پر چوری وڈکیتی کے واقعات میں ملوث ملزموں کی گرفتاری کو یقینی بنائے اور مختلف علاقوں میں لیویز کے گشت میں اضافہ کیا جائے اور لیویز ایریا کو کم کرنے کی سازشوں اور کوششوں کو ترک کرکے پہلے سے موجود ضلع میں پولیس ایریا کو بھی لیویز ایریا قرار دیا جائے۔

## پرجوش انداز میں تحریک کا آغاز کیا، دھاندلی کیخلاف کمر کس لی، مولانا عبدالواسع

**میدان بھی تنہا بھرسکتے ہیں، عوامی اسمبلی میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، سینیٹر و صوبائی امیر جمعیت**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت نے اپنی تحریک کا آغاز پرجوش اور بھرپور انداز میں کیا ہے اس تحریک میں جمعیت علماء اسلام تنہا ہے اور جمعیت میں یہ سکت ہے کہ وہ ایوان نہیں میدان تنہا بھر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8 فروری کے الیکشن میں جس طرح جمہوریت کا جنازہ نکالا گیا اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی جمعیت نے بدترین دھاندلی کے خلاف کمر کس لی ہے اب اس راہ میں جو رکاوٹ بنے گا سب کو بہا کے لے جائے گا، انہوں نے کہا کہ 2 مئی کو کراچی میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن عوام کے سمندر سے خطاب کریں گے اسکے بعد 9 مئی کو پشاور میں لاکھوں لوگوں کی عوامی اسمبلی میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام بنیادی تنظیمیں عوام میں جائیں، انہیں ملک کی حالت سے آگاہ کریں اور قائد جمعیت کے آئندہ کے لائحہ عمل کیلئے تیار رہنے کی ہدایات کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے سب سے پہلے اس الیکشن کو مسترد کیا اور شہر شہر میں عوامی اسمبلی لگانے کا فیصلہ کیا۔ دیگر جماعتوں نے بھی اس عنوان سے تحریک چلانے کا اعلان کیا ہے لیکن انکے موقف میں وضاحت نہیں ہے اور نہ ہی قیادت ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال جمعیت علماء اسلام تنہا ہی اپنی تحریک کو دوام دے گی۔

## کوئٹہ میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر نوجوان قتل

**ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب**

کوئٹہ(یو این اے )صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ چینی روڈ پر نوجوان سے موٹر سائیکل چھین کر مزاحمت پر اسے گولی مار کر قتل کردیا سرکی روڈ پر چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ ہوا ہے سیف سٹی پلان کے باوجود ملزمان کی عدم گرفتاری پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب چینی روڈ پر ٹیلر ماسٹر محمد رفیق بازار سے سامان خرید کر کے گھر جارہے تھے کہ مسلح نقاب پوشوں نے اسے روک کر کے اس سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر اسے روک کر قتل کردیا گیا محمد رفیق کا ارباب کرم خان روڈ پر ٹیلر ماسٹر کی دوکان ہے ضروری کارروائی کے بعد بقیہ نمبر3 صفحہ 5 پر

لاش ورثا کے حوالے کردی گئی عوامی حلقوں کی جانب سے کوئٹہ میں سیف سٹی پلان کے باوجود سرشام ایسے واقعات میں ملزمان کی عدم گرفتاری سوالیہ نشان ہیں اسی طرح سرکی روڈ پر بھی موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتوں میں اضافے کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی بہت مشکل ہے جبکہ پولیس کارروائی کے بجائے لوگوں کو تنگ کرتی ہے۔

## تحصیل مشکے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ 4افراد زخمی

**زخمیوں میں خاتون اور بچے شامل، ہسپتال منتقل کردیا گیا، ملزمان کیخلاف مقدمہ درج**

مشکے(بیورو رپورٹ) تحصیل مشکے کے علاقے گورکھائی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے عورت اور بچوں سمیت چار(4) افراد زخمی مشکے پولیس کے مطابق اتوار کی شام ساڑھے آٹھ بجے کے قریب مشکے کے علاقے گورکھائی میں چند لوگ کھیت پر لائٹ لگا کر گندم کی کٹائی میں مصروف تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کردی ہے جس سے چار افراد زخمی ہوئے جن میں تین بچے اور خاتون شامل ہیں بچوں کی عمریں نو سے تیرہ سال ہے زخمیوں کو ایف سی کیمپ رندک تو کجو میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد بقیہ نمبر16 صفحہ 5 پر

ان کو مزید علاج کے لیے خضدار منتقل کردیا گیا زخمیوں کے نام گل ناز بنت صوالی، شہزاد ولد ابراہیم عمر13 سال، سہیل بنت بابر عمر9 سال اور نصیبہ بنت الٰہی بخش عمر9 سال مشکے پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

## میری تربت سے لاپتہ دوداخان بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے

تربت (بیورو رپورٹ) میری تربت سے لاپتہ دوداخان ولد لعل بخش سکنہ بلوچی بازار آبسر بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے، دوداخان کی فیملی نے ان کی بازیابی کی تصدیق کی ہے، یاد رہے کہ دوداخان کو دو روز قبل میری سے اٹھایا گیا تھا جس کے خلاف اہل خانہ نے اتوار کے روز شہید فدا چوک پر دھرنا دے کر احتجاج کیا تھا ،بعدازاں ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے چیئرمین میر ہوتمان بلوچ کے ساتھ مذاکرات میں دودا کے بازیابی کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کردیا گیا۔

## رات گئے ساکران سے اغواء بچہ بازیاب

حب (نمائندہ انتخاب) کراچی تھانہ الفلاح پولیس کی چھاپہ مار کارروائی میں ساکران سے مبینہ طور اغواء بچہ جسکا نام سجاد بتایا جاتا ہے بازیاب کرلیا پولیس کے مطابق بازیاب مغوی بچے کو ورثاء کے حوالے کرنے کیلئے ساکران پولیس کے سپرد کردیا گیا ہے۔کراچی تھانہ الفلاح پولیس کی چھاپہ مار کارروائی میں ساکران سے مبینہ بقیہ نمبر9 صفحہ 5 پر

طور اغواء بچہ جسکا نام سجاد بتایا جاتا ہے بازیاب کرلیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

## دکی: ایف سی کی چوکی پر مسلح افراد کا حملہ، ایک اہلکار شہید، تین زخمی

**زخمی اہلکاروں کو سول ہسپتال دکی میں ابتدائی طبی امداد کی فراہمی کے بعد لورالائی منتقل کردیا گیا**

دکی (آن لائن) ٹھیکیدار ندی زندہ پیر کے مقام پر مائنز کی حفاظت کے لئے قائم ایف سی کی چوکی پر مسلح افراد نے حملہ کیا۔ ایف سی نے جوابی کاروائی کی اور فوری طور پر کوئک رسپانس فورس طلب کی۔ پولیس کے مطابق ایف سی کی کوئک رسپانس فورس جونہی موقع پر پہنچی مسلح افراد نے ایف سی کی گاڑی پر فائرنگ کی۔ فائرنگ کی وجہ سے ایک ایف سی اہلکار سپاہی بلال موقع پر شہید جبکہ تین اہلکار زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں سپاہی شہزاد، لانس نائیک قیوم اور لانس نائیک عصمت اللہ شامل ہیں۔ تینوں زخمی اہلکاروں کو سول ہسپتال دکی میں ابتدائی طبی امداد کے بعد لورالائی منتقل کردیا گیا۔ ایف سی نے علاقے کا محاصرہ کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

## سی پیک روڈ پر فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار ہلاک، ساتھی زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی پیک روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق کلی جیو کا رہائشی محمد رفیق ولد بہاؤل خان اپنے دوست جمعہ خان ولد ارچ خان کے ہمراہ گزشتہ شب موٹر سائیکل پر اسپنی روڈ سے گھر جا رہا تھا وہ جیسے ہی سی پیک روڈ پر پہنچا تو نامعلوم افراد ان پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں محمد رفیق موقع پر ہی جاں بحق جبکہ جمعہ خان شدید زخمی ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا۔

MASHRIQ QUETTA

## موبائل کیوں استعمال کیا شوہر نے حاملہ بیوی قتل کردی

**واقعہ خضدار کے علاقے زہری نور گاما گاؤں میں پیش آیا، لیویز**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار میں شوہر نے حاملہ بیوی کو موبائل استعمال کرنے پر قتل کردیا۔ حکام کے مطابق واقعہ دو روز قبل خضدار کے علاقے زہری میں نور گاما گاں میں پیش آیا۔ علاقے کے لیویز تھانہ انچارج عطا اللہ نے اردو نیوز کو بتایا کہ دو روز قبل ایک گھر سے ہمیں اطلاع دی گئی کہ ایک خاتون کا کرنٹ لگنے سے انتقال ہوگیا ہے۔ جب لیویز وہاں پہنچی تو موقع پر کوئی بجلی کی تار اور نہ ہی ایسے کوئی شواہد ملے جس سے تصدیق......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہوسکے کہ خاتون کی موت کرنٹ لگنے سے ہوئی ہے۔ معاملہ مشکوک ہونے پر لیویز نے تفتیش شروع کردی۔ لیویز انچارج کے مطابق لیویز نے میت تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچائی جہاں ڈاکٹر نے معائنے کے بعد انکشاف کیا کہ خاتون کو گلہ دبا کر قتل کیا گیا ہے۔ لیویز نے اہلخانہ سے پوچھ گچھ شروع کی تو خاتون کا شوہر روپوش ہوگیا۔ لیویز نے رشتہ داروں کے گھروں سمیت کئی ٹھکانوں پر چھاپے مارے مگر ملزم نہیں ملا۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ روز لیویز نے ملزم رحمت اللہ کو اس کے آبائی علاقے سے چھاپہ مار کر گرفتار کرلیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف جرم کرلیا اور جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے بھی اعترافی بیان ریکارڈ کرایا۔ اپنے بیان میں ملزم نے تسلیم کیا کہ اس نے اپنی اہلیہ کو موبائل استعمال کرنے پر قتل کیا۔

## لورالائی پولیس نے قتل کے اشتہاری سمیت دو ملزمان گرفتار کرلیے

**اسلحہ برآمد کرکے بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا**

لورالائی (نامہ نگار) ڈی آئی جی لورالائی رینج نزیر احمد کرد اور ایس ایس پی لورالائی محمد ظفر کی خصوصی ہدایات پر اشتہاری ملزمان اور بغیر لائسنس اسلحہ کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں زیر نگرانی ایس ڈی پی او کلیم اللہ جلالزئی، ایس ایچ او شریف موکیل کے سربراہی میں دیگر پولیس ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے لورالائی پولیس کو مطلوب مقدمہ فرد نمبر 258/022 بجرم 324 میں مطلوب اشتہاری ملزم شمس الدین ساکن نیو بادر کو گرفتار کرلیا......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

دوسری کاروائی میں انچارج سی آئی اے لورالائی عبدالرازق، اے ایس آئی محمد خان اور دیگر سی آئی اے ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے محمد اللہ ساکن برد میتر کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے بغیر لائسنس پسٹل اور کارتوس برآمد کرلیا

## کوسٹ گارڈز کی کاروائی، اسمگل شدہ سامان برآمد

**کسی قسم کے دباؤ میں آئے بغیر اپنا کام جاری رکھیں گے، ترجمان**

اوتھل (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز کی کاروائی، مسافر کوچ میں انتہائی مہارت سے تیار کردہ کوچ کے خفیہ خانوں سے اسمگلنگ کا مختلف سامان 1050 کلوگرام چھالیہ، اعلی کوالٹی کا مختلف اقسام کا 1300 کلوگرام کپڑا، ملک پاؤڈر 46 بیگز اور 1700 کلوگرام خشخاش برآمد کرلی گئی، پاکستان کوسٹ گارڈز کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی کوچ کی ناکہ کھارڑی چیک پوسٹ (ونڈر) پر......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

خفیہ ذرائع سے حاصل معلومات کی بنیاد پر چیکنگ کے لیے روکنے پر باچا خان کمپنی کے مالک داد گی، اور کوچ کے عملے نے اسٹاف کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں اور ماضی کی طرح اپنی ہی گاڑی کو نذر آتش کرنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے بھی داد گی دو مرتبہ اپنی گاڑی کو نذر آتش کر چکا ہے اور سوشل میڈیا کا سہرا لیتے ہوئے اداروں کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کرتا رہتا ہے۔ تاہم پہلے کی طرح اس بار بھی ڈیوٹی اسٹاف نے انتہائی صبر و تحمل کے ساتھ مسافروں کو اتار کر کوچ کی چیکنگ کی اور دوران چیکنگ کافی تکنیکی مدد اور تگ و دو کے بعد مسافر کوچ میں انتہائی مہارت سے تیار کردہ کوچ کے خفیہ خانوں سے اسمگلنگ کا مختلف سامان برآمد کیا گیا۔ یہ مسافر کوچ باچا خان کمپنی (جس کا مالک داد گی ہے) کے خصوصی طور پر اسمگلنگ کے سامان کے لیے تیار کردہ خفیہ خانوں سے 1050 کلوگرام چھالیہ، اعلی کوالٹی کا مختلف اقسام کا 1300 کلوگرام کپڑا، ملک پاؤڈر 46 بیگز اور 1700 کلوگرام خشخاش برآمد کرلی گئی۔ مسافر کوچ کو مزید چیکنگ کے لئے روک لیا گیا

## سٹی تھانہ کے حدود میں رہزنوں نے موٹر سائیکل چھین لی

اوستہ محمد (نامہ نگار) سٹی تھانہ کے حدود میں رہزنوں نے موٹر سائیکل چھین لی تفصیلات کے مطابق گرمی خیر و ریلوے پھاٹک کے قریب رہزنوں نے گن پوائنٹ پر عرض محمد عمرانی سے سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2023 چھین کر فرار ہوگئے اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او عبدالروف جمالی موقع پر پہنچ کر ڈاکوؤں کا تعقب کیا لیکن ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.


# گڈانی شپ بریکنگ یارڈ میں روزگار کے دروازے بند نوجوان سڑکوں پر نکل آئے

گڈانی میگا پروجیکٹس کے دامن میں واقع ہے، ایشیا کی تیسری بڑی صنعت شپ بریکنگ یارڈ میں روزگار نہ ملنے کے باعث باسی سڑکوں پر آئے ہیں

**کبھی انکی کشتیوں کو دیو ہیکل جہاز ٹکر مار کر نقصان پہنچاتے ہیں تو کبھی ماہی گیروں کے جال لے جاتے ہیں، فریاد سنی جائے، مظاہرین**

گڈانی (نمائندہ انتخاب) گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کی صنعت میں مقامی پر روزگار کے دروازے بند نوجوان سراپا احتجاج بے روزگاری سے تنگ آ کر احتجاجا سڑکوں پر نکل آئے، اور احتجاجی مظاہرہ اور نعرے بازی تفصیلات کے مطابق گڈانی گڈانی شپ بریکنگ یارڈ میں گڈانی کے مقامی بے روزگار لوگوں کو روزگار کے حوالے سے نظر انداز کرنے کے خلاف گڈانی مقامی بے روزگار ہر روز سڑکوں پر نکل آئے اور احتجاجی مظاہرہ کیا اور شپ بریکنگ یارڈ کی صنعت میں روزگار فراہمی کا مطالبہ کیا اس موقع پر مظاہرین کا کہنا تھا کہ گڈانی میگا پراجیکٹس کے دامن میں واقع ہے اور ماہی گیر بستی ہے گڈانی کے ماہی ایشیا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

کی تیسری بڑی صنعت شپ بریکنگ یارڈ گڈانی میں مزدوری نہ ملنے کی وجہ سے بیروزگاری اور غربت سے تنگ آ کر سڑکوں پر آ کر احتجاج کر کے اپنے حقوق کے لئے کھڑے ہیں کہ ہمیں روزگار دیا جائے یہ آج کا پہلا احتجاج نہیں جب سے یہ صنعت کا وجود میں آئی ہے گڈانی کے باسی کسی نہ کسی طرح اپنے حقوق کے لئے سڑکوں پر آجاتے ہیں کبھی ان کی کشتیوں سے یہ دیو ہیکل جہاز ان کو ٹکر مار کر زخمی یہاں ہلاک کر دیتے ہیں تو کبھی ان ماہیگروں کے جال اپنے ساتھ لے جاتے ہیں کبھی ان کے سمندر کو کیمیکل اور کچرا پھینک کر مچھلیوں کی نسل کشی کرتے ہیں تو کبھی زہریلے مواد اور ان کی جانب سے کھودے گئے گڑھے میں ان کے بچے زندگی سے محروم ہو جاتے ہیں کبھی یہ ناکارہ بحری جہازوں سے نکلنے والے کیمیکلز کی وجہ سے جسمانی بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں تو کبھی یہ مال بردار گاڑیوں سے دوران سفر موت کا شکار ہو جاتے ہیں تو یہ کبھی اپنی ٹوٹی ہوئی سڑکوں پر دوران سفر تکالیف کی وجہ سے اذیت کا شکار ہوتے رہتے ہیں لیکن آج تک ان ماہی گیروں کی کسی نے داد رسی نہیں کی اب نوبت یہاں تک آ گئی ہے کہ گھر کے آنگن میں واقع اس صنعت میں مقامی لوگوں کے لئے روزگار کے دروازے بند کر دیے گئے ہیں یہ صرف اس ایک انڈسٹری کے ظلم کا رونا نہیں یہ ماہی گیر بستی کے چاروں اطراف میں ایشیا کی بڑی بڑی انڈسٹریز قائم ہیں لیکن ان مقامی لوگوں کے لئے اس کے تمام تر دروازے مکمل بند ہے جس کے باعث یہ مصیبت کے مارے ماہی گیر جب کسی جگہ ان کی فریاد نہیں سنی گئی تو یہ بے بس ہو کر سڑکوں پر آ گئے جو تکلیف کی آخری حد ہے کیونکہ کوئی بھی انسان مجبوری کے تحت یہ قدم اٹھاتا ہے حیرت کی بات ہے یہاں تمام چیزوں کے مالک ہونے کے باوجود گڈانی کے مقامی لوگ اپنے ہی حقوق کے لئے احتجاج پر مجبور ہیں۔

# پنجگور کی رابطہ سڑکیں ناقابل استعمال شہریوں کو مشکلات کا سامنا

گزشتہ سالوں کے طوفانی بارشوں سے شہر کے مختلف علاقوں کی رابطہ سڑکیں سیلابی پانی کی نذر ہو گئیں تھیں اب مزید بگڑ گئیں

**محکمہ مواصلات اور تعمیرات کے پاس مشینری اور افرادی قوت موجود ہے مگر محکمہ سڑکوں کی بحالی پر کوئی توجہ نہیں دے رہا، رپورٹ**

پنجگور (انتخاب نیوز) پنجگور کی رابطہ سڑکیں ناقابل استعمال ہو گئے شہریوں کو مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق گزشتہ سالوں 23/2022 کے طوفانی بارشوں سے شہر کے مختلف علاقوں کی رابطہ سڑکیں سیلابی پانی کی نذر ہو گئے تھے اور حالیہ طوفانی بارشوں سے سڑکوں کی حالت مزید بگڑ گیا ہے پنجگور میں محکمہ مواصلات اور تعمیرات کے پاس مشینری اور افرادی قوت موجود ہے مگر سڑکوں کی بحالی پر کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے محکمہ بی اینڈ آر پنجگور کے ہزاروں ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں لے رہے ہیں پنجگور رکچک توز پنجگور پروم روڈ پنجگور واشک سگار سنگ روڈ کی حالت انتہائی خستہ حالی کا شکار ہیں مگر محکمہ بی اینڈ آر ان سڑکوں کو سال بھر نہ گریڈنگ کرتا ہے اور نہ ہی ان کی بحالی کے لیے اقدامات کرتا ہے جس سے سڑکیں ناقابل استعمال ہو گئے ہیں پنجگور بارڈر رز چیدگی روڈ کی حالت انتہائی خراب ہے حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد ندی نالوں میں طغیانی سے کچے راستے بند ہو گئے تھے مگر ٹرانسپورٹرز نے اپنی مدد آپ کے تحت روڈ کو بحال کر دیا تھا اس دوران ٹرانسپورٹرز کے ایک گاڑی سیلابی ریلے کی بھی نذر ہو گیا تھا ٹرانسپورٹرز نے ڈپٹی کمشنر اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا تھا مگر محکمہ بی اینڈ آر تا حال سڑکوں کی بحالی پر کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے

# خضدار، پیشہ ور گداگروں کی جانب سے بچوں کو اغوا کئے جانے کا انکشاف

جیب کتروں کی بھی یلغار، بھکاریوں کے روپ میں خیرات مانگنے والوں کے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

**مساجد کے دروازوں پر بھی گداگروں کی بھرمار، خضدار انتظامیہ تماشائی بننے کی بجائے نوٹس لے، عوامی حلقے**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں پیشہ ورانہ گداگروں اور جیب کتروں کی یلغار شہریوں کا جینا حرام کر دیا ہے سارا دن بازار میں گداگروں بھکاریوں مختلف روپ میں خیرات کے بہانے لوگوں کو تنگ کرتے ہیں سندھ سے آئے ہوئے گداگروں بھکاریوں سال بھر خضدار کو ٹھیکے میں لے رکھا ہے جنکا پیشہ ہمیشہ بھیک مانگنا ہے انکی وجہ سے لوگوں کا جینا محال ہو گیا ہے جن میں بیشتر خواتین چھوٹے چھوٹے بچے اور بچیاں شامل ہے تفصیلات کے مطابق خضدار میں سالوں سال پیشہ ورانہ بھکاریوں کی یلغار ہے جو کہ آجکل دکانوں سے سامان چوری اور جیب کترے میں ملوث ہے دوسری جانب بچے بھی اغواء کر رہے ہیں ایک بار ایک بچہ بھی انہوں اغواء کیا جو کہ انکو بروقت محلہ داروں پکڑی لی مگر ان پر کاروائی کرنے کے بجائے دوسرے دن انکو شفافیت کی شو فکیٹ دی گئی خضدار میں دن بدن پیشہ وارانہ بھکاریوں اور گداگروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے سودا سلف لینے والے گاہکوں کو بیزار کرنے علاوہ مسجدوں کے گیٹوں میں ہر نماز کے وقت لائنوں کھڑے ہو کر بھیک مانگی جارہی ہے اپنے علاقہ سندھ کو چھوڑ کر خضدار کو ٹھیکے پر بھیک مانگنے کیلئے لیا ہے انکا چوری چکاری وطیرہ بن چکا ہے بازار کے علاوہ گلیوں میں بھی آجکل چوڑی بیچنے کے بہانے بچے اغواء اور دیگر سنگین برائیوں میں ملوث ہیں خضدار کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، ایس ایس پی پولیس خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر پیشہ وارانہ بھکاریوں کے خلاف سخت کاروائی کر کے انہیں واپس سندھ بھیجا جائے اور عوام اس کی شر نجات دلائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

# ضلعی انتظامیہ اپنے نرخ نامے پر عملدرآمد کرانے میں ناکام، شہری لٹ گئے

قصاب من مانیوں میں سرفہرست، چھوٹا گوشت 2200 اور بڑا 1300 روپے کلو میں فروخت، نان بائیوں نے ڈبل روٹی 40 روپے کی کردی، 20 روپے والی لگانا ہی چھوڑ دی

**ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرانے میں مکمل ناکام ہوچکی، عوامی حلقوں کا صورتحال پر اظہار غم وغصہ، کمشنر کوئٹہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ اپنے نرخ نامے پر عملدرآمد کرانے میں ناکام ہوگئی، انتظامیہ افسران کی غفلت اور لاپرواہی کو شہری پولٹری ایسوسی ایشن، قصابوں اور ڈیری ایسوسی ایشن کے ساتھ ملی بھگت قرار دے رہے ہیں، ضلعی حکام کی توجہ صرف اپنے مفادات پر ہے، مہنگائی اور بیروزگاری میں پسے عوام کی فریاد [illegible] قصابوں کی من مانیاں جاری ہیں، ضلعی انتظامیہ نے چھوٹے گوشت کا نرخ 1700 روپے مقرر کیا، بڑے کا گوشت کا 900 روپے مقرر کیا جبکہ چھوٹا گوشت 2200 روپے اور بڑا گوشت 1300 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا، نان بائیوں نے ڈبل روٹی کی قیمت 40 روپے کردی، 20 روپے والی روٹی نہیں مل رہا ہے، 40 روپے والی روٹی کا وزن بھی مقررہ وزن کے مطابق نہیں ہے، ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرانے میں مکمل ناکام ہوچکی، عوامی حلقوں نے کمشنر کوئٹہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا [illegible] کے مطابق [illegible] سرکاری [illegible] 300 گرام [illegible] کی قیمت 40 روپے مقرر کی گئی جس کے بعد چند ایک کارروائیاں کر کے ضلعی انتظامیہ لاپتہ ہوگئی، تندور مافیا کی لوٹ مار کا سلسلہ شروع ہوگیا، شہر کے کسی تندور میں بھی سرکاری نرخ پر روٹی دستیاب نہیں، سرکاری نرخ نامے کو پیروں تلے روندا جا رہا، تندور مافیا سرعام غیر معیاری اور پرانا آٹا استعمال کر کے کم وزن کی روٹی فروخت کر رہا، جناح روڈ، ٹیکسی اسٹینڈ، قندھاری بازار، شارع عدالت، جمال الدین افغانی روڈ، سرکلر روڈ و ملحقہ علاقوں میں تندور پر پیڑے کا وزن انتہائی کم ہوتا ہے جو پکانے کے بعد پاپڑ بن جاتا ہے، عوامی حلقوں نے تندور مالکان کی من مانیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد میں مکمل ناکام ہوچکی، نرخ نامہ جاری کر کے ضلعی انتظامیہ خود کو بری الذمہ قرار نہیں دے سکتی، ان کی ذمے داری ہے کہ کم وزن کی غیر معیاری روٹی فروخت کرنے والے تندور مالکان کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے عوام الناس کو سستے داموں معیاری روٹی کی فراہمی یقینی بنائے۔

## نیشنل پارک ندی میں میٹروپولیٹن نے کچرا ڈال دیا، لوگ پریشان

**کچرا پھینکنے سے ندی بند، تعفن پھیلنے سے اہل علاقہ کو مشکلات کا سامنا: ظفر اللہ شاہوانی**

کوئٹہ (پ ر) قبائلی و سیاسی رہنماء نواب ظفر اللہ شاہوانی، میر حیدر شاہوانی نے کہا ہے کہ نیشنل پارک ندی میں صفائی کے نام پر لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے میٹروپولیٹن نے صفائی کی بجائے ندی میں کچرا ڈال دیا جس کے باعث تعفن پھیلنے سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارک ندی کے دورے کے موقع پر علاقہ مکینوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے عملے نے کچرا نیشنل پارک ندی میں پھینک دیا جس سے ندی بند ہونے سے بارش کا پانی آبادی میں داخل ہونے اور کچرا سے تعفن پھیل رہا ہے جس کی وجہ سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں اور علاقہ مکینوں کو زندگی گزارنے میں مشکلات درپیش آرہی ہے۔ انہوں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی توجہ نیشنل پارک ندی کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کر کے اہل علاقہ کو اس مشکل سے نجات دلائی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 30 APR 2024 Page No. ______


# کوئٹہ سبزیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، عوام پریشان

آلو کی فی کلو قیمت 70 سے بڑھ کر 80 روپے اور بھنڈی کی فی کلو قیمت 240 سے بڑھ کر 260 روپے ہوگئی، سبز مرچ 280 روپے اور شلجم کی فی کلو قیمت 80 روپے سے بڑھ کر 100 روپے ہوگئی

**شہر میں مختلف کوالٹی کی پیاز 170 سے 200 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے، پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ نے چپ سادھ رکھی ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، انتظامیہ مہنگائی کیخلاف اقدامات کریں**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں میں سبزیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ کوئٹہ میں آلو کی فی کلو قیمت 70 سے بڑھ کر 80 روپے اور بھنڈی کی فی کلو قیمت 240 سے بڑھ کر 260 روپے ہوگئی۔ شہر میں توری کی فی کلو قیمت میں 20 روپے جبکہ پھول گوبھی کی قیمت میں 50 روپے کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد توری اور پھول گوبھی 200، 200 روپے کلو ہو گئیں۔ سبز مرچ کی فی کلو قیمت 240 سے بڑھ کر 280 روپے اور شلجم کی فی کلو قیمت 80 روپے سے بڑھ کر 100 روپے ہوگئی۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ شہر میں مختلف کوالٹی کی پیاز 170 سے 200 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ نے چپ سادھ رکھی ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ نے چپ سادھ رکھی ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 30 APR 2024 Page No.________

## ٹرانسپورٹرز کا احتجاج، حکومت کی عدم دلچسپی

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مسافر بس کمپنیوں نے احتجاجاً سروس بند کردی تھی، جس کی وجہ سے مختلف علاقوں میں سیکڑوں مسافر پھنس گئے اور مشکلات کا شکار ہیں۔ بس سروس بند کرنے کی وجہ مختلف چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری ہے، ٹرانسپورٹ مالکان نے بھتہ خوری بند ہونے تک بس سروس بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ بس مالکان کا کہنا ہے کہ کیک، بسکٹ اور دیگر کھانے پینے کی اشیا لے جانے پر بھی چیک پوسٹوں پر تعینات اہلکار بھتہ مانگتے ہیں اور نہ دینے پر بسوں کو گھنٹوں کھڑا رکھتے ہیں اور مال ضبط کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں۔ ٹرانسپورٹرز نے اب اس احتجاج کو دوسرے مرحلے میں داخل کرتے ہوئے سریاب روڈ اور بی بی زیارت کے مقام پر احتجاجی کیمپ قائم کرکے گاڑیوں کو وہاں کھڑا کردیا ہے اور احتجاج کا دائرہ ملک بھر میں پھیلانے کی دھمکی دی ہے۔

یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ حکومت نے ابھی تک ٹرانسپورٹرز سے کوئی رابطہ نہیں کیا ہے اور نہ ہی کسی سطح پر ان سے بات چیت کی کوشش کی گئی ہے، ٹرانسپورٹر کو اس طرح یکسر نظرانداز کرنے میں حکومت کا کیا حکمت عملی ہے، یہ فی الحال سمجھ سے بالاتر ہے، آدھے سے زیادہ بلوچستان اس وقت بارشوں اور سیلابی ریلے سے متاثر ہے اور باقی ماندہ میں دیگر مسائل ہیں، ایسے میں ٹرانسپورٹ کی ہڑتال کے باعث شہری اپنے عزیز واقارب کی مدد کے لیے بھی نہیں پہنچ سکتے۔ بلوچستان میں انفرااسٹرکچر دیگر صوبوں کی نسبت بہت زیادہ خراب ہے، ایسے خراب اور خطرناک انفرااسٹرکچر کے باوجود وہاں پر ٹرانسپورٹ برادری بے شمار خدمات انجام دے رہی ہے، ٹوٹی پھوٹی سڑکوں پر گاڑیاں چلانے سے ان میں بہت زیادہ خرابیاں پیدا ہوتی ہیں اور آئے روز مرمت کا کام نکلتا رہتا ہے، جس کے باعث ٹرانسپورٹر کے اخراجات مزید بڑھ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹر پر اسمگلنگ کا بھی الزام لگایا جاتا رہتا ہے، گوکہ اس میں بہت سے ٹرانسپورٹر ملوث بھی ہیں لیکن اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جانا چاہیے، اور کے فوائد حکومت اور ریاست کو ہونے چاہئیں، نہ کہ بھتہ خوری کی صورت میں وہاں موجود چیک پوسٹوں کے اہلکاروں کی جیبوں میں جانا چاہیے۔

صوبائی اور وفاقی حکومت کو بلوچستان میں ایران سے آنے والی اشیا اور دیگر صوبوں سے آنے والی اشیا کی ترسیل کرنے والوں کے لیے کوئی ضابطہ اور قوائد طے کرنے چاہئیں۔ جن اشیاء پر ٹیکس لاگو ہوتا ہے اس کے لیے ٹیکس کا واضح تعین اور طریقہ کار ہونا چاہیے، تاکہ ٹرانسپورٹر ان اشیا کو لاتے لے جاتے ہوئے ٹیکس کی رسید اور دیگر ضابطوں کا خیال رکھیں۔ اس کے علاوہ ٹرانسپورٹرز سے کسی بھی وجوہ کو جواز بنا کر بھتہ طلب کرنے والوں کی بھی سرکوبی کرنے کی اشد ضرورت ہے لیکن زمینی حقائق یہ ہیں کہ اسمگلنگ کے حوالے سے بلوچستان ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں سے ایران اور افغانستان سے اشیا اسمگل ہوتی ہیں اور پاکستانی اشیاء بیرون ملک منتقل کی جاتی ہیں۔ اس اسمگلنگ میں محض ٹرانسپورٹرز ہی نہیں بلکہ ریاستی اداروں کے بڑے بڑے افسران بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ اسمگلروں کا وسیع نیٹ ورک بھی ہے۔ ریاستی اداروں کے اہلکار بڑے اسمگلروں سے طے شدہ بھتہ وصول کرتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے اسمگلروں کو ڈرانے دھمکانے میں لگے رہتے ہیں، جس سے ان میں اداروں کے خلاف بغاوت کے جذبات جنم لیتے ہیں، انہیں ایسا لگتا ہے کہ غریبوں کو تنگ کیا جارہا ہے جبکہ بڑے اسمگلروں کو ریاستی اداروں کی چھاؤں میں کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے۔ یہ واقعی بڑا مسئلہ ہے، اسمگلنگ کی روک تھام میں پاکستان کی تاریخ میں کوئی حکومت کامیاب نہیں ہوسکی ہے، اس کی وجہ ریاستی اداروں کے اعلیٰ ترین افسران کی آشیرباد ہے، ایران اور افغانستان سے ملحقہ بلوچستان کی سرحد سے اربوں روپے کی اسمگلنگ ہوتی ہے اور یہ بغیر ریاستی اداروں کے اعلیٰ ترین افسران کی ملی بھگت کے ممکن نہیں ہے۔

حکومت بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کے مسائل حل کرنے کے لیے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، یہ صوبہ پہلے ہی انفرااسٹرکچر کی تباہی کے باعث آمدورفت کے مسائل کا شکار ہے ایسے میں اگر ٹرانسپورٹرز نے بھی کام کرنا بند کردیا تو عوام کے لیے مزید مشکلات پیدا ہوجائیں گی، جن کا تدارک فوری طور پر ہونا چاہیے کیونکہ حکومت کی جانب سے ویسے بھی عوام کے لیے کوئی ٹرانسپورٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، ایسے میں اگر نجی ٹرانسپورٹرز کو بھی حکومت تحفظ فراہم نہیں کرے گی تو عوام بذریعہ سڑک سفر کرنے سے قاصر ہوجائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

P-1

# Hinglaj Temple symbol of unity & Tradition

The recent conclusion of the annual religious rituals at the Hinglaj Temple in Hangul Lasbela, Balochistan marks an important event for the Hindu community in Pakistan. This threeday festival saw a significant turnout of Hindu pilgrims from various regions of the country, converging at the sacred temple to partake in age-old traditions and offer prayers for the well-being and prosperity of the nation. The Hinglaj Mandir Yatra holds great significance for the Hindu community in Pakistan, serving as a symbol of unity, faith, and cultural heritage. Each year, devotees from far and wide gather at the temple to pay homage to the deity and seek blessings for themselves and their loved ones. This annual pilgrimage not only reaffirms the religious beliefs of the devotees but also plays a crucial role in promoting religious tourism in the region. The meticulous arrangements made by the Balochistan government for the comfort and well-being of the pilgrims highlight the spirit of inclusivity and communal harmony that prevails during such religious gatherings. From provisions of ration and Langar to ensuring smooth logistical support, these efforts contribute to the seamless conduct of the festival and reflect the commitment to upholding the values of coexistence and mutual respect among different religious communities. The colorful display of traditional attire, rituals, and cultural practices during the Hinglaj Mandir Yatra further enriches the experience for the participants. Women adorned in the vibrant clothing of Rajasthan, adorned with intricate jewelry, and men carrying flags and singing religious hymns create a mesmerizing ambiance that reverberates with spiritual energy and devotion. The journey to Hinglaj, which begins at the sacred site attrib-

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No.

Dated 30 APR 2024

Page No.

uted to Chandragupta, involves traversing through diverse landscapes and natural wonders, adding an element of adventure and mystique to the pilgrimage. As the pilgrims pass through the Hangul River and arrive at the revered Hinglaj Temple, a sense of reverence and awe permeates the atmosphere, underscoring the deep-rooted faith that binds the devotees together.

The participation of individuals from various communities, including those influenced by Sufism and the Zagri community, demonstrates the all-encompassing nature of the festival. This convergence of diverse beliefs and traditions not only enriches the cultural tapestry of the event but also serves as a poignant reminder of the shared heritage that unites people across different faiths. The historical and spiritual significance of the Hinglaj Mandir Yatra is further underscored by the legendary tales associated with the site, including the revered visit of Sufi sage Shah Abdul Latif Bhatai and the tales of Sir Ramkali based on the pilgrimage. These narratives weave a fascinating tapestry of religious syncretism and cultural exchange that has endured through centuries, transcending barriers of time and space. In conclusion, the successful conclusion of the religious rituals at the Hinglaj Temple in Hangul Lasbela serves as a testament to the enduring faith and cultural resilience of the Hindu community in Pakistan. The annual festival not only fosters a sense of spiritual fulfillment and communal harmony but also highlights the rich tapestry of traditions and beliefs that form the bedrock of our shared heritage. As we reflect on the profound impact of such religious gatherings, let us strive to uphold the values of tolerance, understanding, and respect towards all faiths, ensuring a harmonious coexistence that transcends boundaries and fosters unity among all communities.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 APR 2024 Page No.

# بلوچستان نے پھر سے پاکستان کا نام روشن کر دیا۔۔۔!

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 30 APR 2024 Page No.________



صوبائی وزیر حیوانات بخت کاکڑ سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں



وزیرداخلہ ضیاء لانگو سے صوبائی مشیر غلام رسول عمرانی ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے
بلال کاکڑ ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اپنے آفس
میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی شہزادا احمد اور محمد ارشد کے عصرانے میں شریک ہیں

INTEKHAB QUETTA



کوئٹہ، صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن، مولانا ہدایت الرحمن، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ڈاکٹر ابوالحسن میری اور دیگر خطاب کررہے ہیں

AZADI QUETTA



وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قلات میں زخمی ہونے والے کھلاڑیوں کی سول ہسپتال میں عیادت کررہے ہیں



صوبائی وزراء نور محمد دمڑ اور علی محمد خٹک کو پی آر سی سینٹر سریاب کے دورے کے موقع پر اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عبدالحفیظ نئے بننے والے گودام کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

CS CamScanner